نمبر (۲۸)

جلد ۴۱

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ صفر سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۱۵ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	[illegible] کلرک ہائی اسکول	[illegible]
۲	[illegible] ہائی اسکول	[illegible]
۳	[illegible]	[illegible]
۴	[illegible]	[illegible]
۵	[illegible]	[illegible]
۶	[illegible]	[illegible]

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۰ جون سنہ ۱۹۲۹ء

بابت عرضداشت اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارۂ اضافہ مبلغ پانچ روپیہ ماہوار در تنخواہ علی الدین کلرک ہائی اسکول بوجہ زیادتی کام۔

حکم

بموجب رپورٹ علی الدین کلرک ہائی اسکول کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۳۰ جون سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

یکم جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

حسب اسکیم منظور شدہ ہائی اسکول میں بموجب رپورٹ مفتی بشیر الدین احمد و سید سخاوت حسین بی۔ اے کا تقرر بمشاہرہ پچاس پچاس روپیہ ماہوار ۱ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء سے منظور ہے۔ و عارضی تقرر سید [illegible] ہے تاریخ مذکور سے تخفیف کئے جائیں۔ کاغذ بغرض اجراء احکام واپس ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض میرساند

جناب عالی

حسب الحکم منظور شدہ ہائی اسکول میں تین سی ٹی اُستادوں کی ابھی ضرورت ہے - امسال منشی بشیرالدین احمد ساکن مراد آباد - اور سید فیاض حسین ساکن آگرہ سی ٹی دستیاب ہوگئے ہیں - انکا تقرر پچاس پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ پر ہوگا - اور دونوں کو ہرسال پانچ روپیہ ماہوار اضافہ ملیگا - یہانتک کہ تنخواہ پچھتر روپیہ ماہوار ہوجائے - انکے تقرر کی وجہ سے دو عارضی ٹیچر سی ٹی ... زیادہ تنخواہ ... ماہوار اور ... ماہوار برخاست کئے جائینگے - لہذا عرضداشت باُمید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے - یہ تقرر و برخاستگی ۹ - جولائی سنہ ۱۹۲۹ء سے عمل میں آئیگی -

دولت و اقبال جاوید باد

زیر دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مورخہ ۳۰ - جون سنہ ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں - مورخہ ... جولائی سنہ ۱۹۲۹ء
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری

وظائف طلباء

سنہ ۱۹۲۹ء

عرضداشت دربارہ تقرر وظائف طلباء خاص ریاست ہذا حسب صراحت مندرجہ قواعد منسلکہ ہذا -

حکم

قواعد بابت تقرر وظائف مرتبہ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر منظور ہیں - کاغذات واپس ہوں -

ہائی آرڈر دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض میرساند

جناب عالی

مسودہ قواعد تقرر وظائف منسلکہ عرضداشت باُمید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے -

دولت و اقبال جاوید باد

زیر دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مورخہ ۴ - جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

قواعد تقرر وظائف منظور شدہ بموجب حکم ۴ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

بموجب حکم ۴ - جولائی سنہ ۱۹۲۹ء حسب ذیل وظائف ایسے طلباء کے لئے مقرر کئے گئے ہیں جو اصلی رعایائے ریاست رامپور ہوں اور جنہوں نے ہائی اسکول ریاست ہذا یا اُردو مڈل اسکول ریاست ہذا میں تعلیم پاکر امتحان پاس کیا ہو -

وظائف قسم الف ہر سال تین وظائف تیس تیس روپیہ ماہوار کے اور تین وظائف بیس بیس روپیہ ماہوار کے اُن طلباء کے لئے جو ہائی اسکول رامپور میں تعلیم پاکر اسی اسکول سے امتحان ہائی اسکول گریجویشن پاس کریں - اور آیندہ انجنیری یا ڈاکٹری - یا تعلیم کی ٹریننگ کی تعلیم جاری رکھنا چاہیں -

وظائف قسم ب ہر سال چار چار روپیہ کے پندرہ پندرہ وظائف اُن طلباء کے لئے جو اصلی رعایائے ریاست رامپور ہوں - اور جنہوں نے ہائی اسکول رامپور میں تعلیم پاکر آٹھویں یا نویں درجہ کا امتحان پاس کیا ہو - اور نویں یا دسویں درجہ میں تعلیم جاری رکھنا چاہیں -

وظائف قسم ج ہر سال تین تین روپیہ کے دس دس وظائف اُن طلباء کے لئے جو اصلی رعایائے ریاست رامپور ہوں - اور جنہوں نے اُردو مڈل اسکول رامپور سے درجہ چہارم یا پنجم یا ششم کا امتحان پاس کیا ہو - اور آیندہ درجہ پنجم یا ششم یا ہفتم میں تعلیم جاری رکھنا چاہیں -

ان وظائف کے تقرر کے قواعد حسب ذیل ہیں -

(۱) وظائف قسم الف اُن ہی طلباء کو دئے جائینگے جو اصلی رعایا ریاست ہذا کے ہوں اور ہائی اسکول میں تعلیم پاکر اسی اسکول سے ہائی اسکول گریجویشن کے امتحان میں پاس ہوئے ہوں -

(۲) ہر طالب علم جسکو وظیفہ قسم الف دیا گیا ہو وہ پابند ہوگا کہ بعد ختم تعلیم اگر ریاست میں اُسکے خدمات کی ضرورت ہوگی تو اسکو ریاست کی ملازمت کرنا ہوگی -

(۳) ہر طالب علم جو وظیفہ قسم الف کے لئے درخواست دے اسکو حسب ذیل امور بصراحت درخواست میں لکھنا ضروری ہوگا -

الف کس قسم کی تعلیم کے لئے وظیفہ چاہتا ہے -

ب کس کالج میں داخلہ کا انتظام کیا ہے -

ج درخواست دہندہ کی عمر درخواست دینے کی تاریخ پر کسقدر ہے -

نوٹ - عمر باعتبار عمر مندرجہ رجسٹر ہائی اسکول تحریر کیجائے -

د ہائی اسکول گریجویشن میں کس ڈویژن میں پاس ہوا ہے - اور نمبر پوزیشن کیا ہے -

ہ ہائی اسکول گریجویشن کے اختیاری مضامین میں کونسا مضمون درخواست دہندہ نے لیا تھا -

(و) درخواست دہندہ کا پورا نام اور ولدیت اور قوم وجہ سکونت اور سرپرست کا نام مع پتہ -

(ز) مضمون حرف ج و د و ہ کی بابت ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول کی تصدیق درخواست پر کرائی جائیگی -

(۴) بعد تقرر وظیفہ قسم الف - طالب علم کو لازم ہوگا کہ جس کالج یا انسٹیٹیوشن میں داخل ہو اُسکے پرنسپل یا افسر اعلے کی تصدیق نسبت داخلہ بقید تاریخ بھیجدے اُسکے بعد منظور شدہ وظیفہ جاری ہوگا -

(۵) ہر طالب علم کو لازم ہوگا کہ جس کالج یا انسٹیٹیوشن میں داخل ہو - اس کالج یا انسٹیٹیوشن کے درمیانی امتحانات کا طریقہ تحریر کرکے بھیجدے اور پھر ہر امتحان کے نتیجہ کی مع تصدیق پرنسپل یا دیگر افسر اعلے ہمیشہ اطلاع دیتا رہے -

(۶) **الف** جو وظیفہ جس میعاد کے لئے مقرر ہوگا اُسکی میعاد میں کسی حالت میں توسیع نہوگی خواہ کسی درمیانی امتحان میں فیل ہوکر طالب علم اپنی تعلیم جاری رکھے -
مثلاً بتعلیم ایل - ٹی - یا بی ٹی - کا وظیفہ پانچسال کے لئے دیا جائیگا لیکن اگر طالب علم وظیفہ یاب امتحان انٹرمیڈیٹ میں فیل ہوجائے - اور وہ اپنی تعلیم جاری رکھے اور اس طرح ایک سال اُسکا زائد صرف ہو تاہم اُسکو وظیفہ پانچسال سے زائد میعاد کے لئے نہیں ملیگا -

ب - جو طالب علم ایک ہی امتحان میں مسلسل دو سال تک فیل ہوگا یا اُس امتحان میں فیل ہوگا جسکے بعد اُسکو ڈاکٹری وغیرہ کی تعلیم میں جانا ہے تو اُسکا وظیفہ مسدود کردیا جائیگا -

مثلاً (۱) ایل ٹی - یا بی ٹی کی تعلیم کے لئے وظیفہ دیا گیا ہو - اور طالب علم امتحان انٹرمیڈیٹ میں دو سال تک فیل ہوتا رہا - یا بی اے کے فائنل امتحان میں فیل ہوگیا تو اُسکا وظیفہ مسدود کردیا جائیگا - یا
مثلاً (۲) تعلیم ڈاکٹری کے لئے وظیفہ دیا گیا اور ایف - ایس سی کے امتحان فائنل میں طالب علم فیل ہوگیا تو وظیفہ مسدود ہوجائیگا -

(۷) وظائف قسم ب و ج کے تقرر کے لئے کسی طالب علم کو درخواست دینے کی ضرورت نہوگی - بلکہ ہر سال نتیجہ امتحان شائع ہونے کے بعد ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول آٹھوین و نوین درجہ کے پاس شدہ طلبا اور ہیڈ ماسٹر اردو مڈل اسکول چوتھے ، پانچوین و چھٹے درجہ کے پاس شدہ طلبا کی فہرست صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے اجلاس میں پیش کرینگے - اور فہرست میں ہر طالب علم کا ڈویزن کامیابی اور نمبر پوزیشن کی صراحت کرینگے -

(۸) کل وظائف قسم الف و ب و ج - بحکم صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مقرر کئے جاینگے -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۴ ماہ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب صراحت تحریر صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر حسب ذیل وظائف کی بشرائط مندرجہ تحت منظوری دیجاتی ہے -

(الف) ہر سال تین وظائف تیس تیس روپیہ کے اور تین وظائف بیس بیس روپیہ کے تعلیم ڈاکٹری - انجنیری اور تعلیم کی ٹریننگ کے لئے -

(ب) ہر سال چار چار روپیہ کے پندرہ پندرہ وظائف نوین اور دسوین درجہ کے طلبا ہائی اسکول کے -

(ج) ہر سال تین تین روپیہ ماہوار کے دس دس وظائف پانچوین اور چھٹے اور ساتوین درجہ کے طلبہ مڈل اسکول کے -

یہ وظائف مخصوص اُن طلبہ کو دیے جائینگے جو اصلی رعایا ریاست رامپور کی ہون اور جنہون نے ہائی اسکول ریاست ہذا مین تعلیم پاکر ہائی اسکول اگزامینیشن کا امتحان پاس کیا ہو - اور کسی حالت میں غیر رعایا رامپور یا غیر تعلیم یافتہ اسکول ہائے ریاست کو نہیں دیئے جائینگے یا ہائی اسکول اور مڈل اسکول میں تعلیم پاکر اُس ماتحت درجہ کا امتحان پاس کیا ہو جس سے اعلے درجہ کی تعلیم کے لئے وظیفہ مقرر ہے - وظائف حرف الف اُس میعاد کے لئے مقرر کئے جائینگے جو صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کی تحریر کے ہمراہ نقشہ میں ہر وظیفہ کے لئے مقرر کی گئی ہے - اور وظائف حرف (ب) و (ج) ہر سال ایک سال کے لئے مقرر ہونگے کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون - ۹ ماہ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

قسم وظیفہ	میعاد وظیفہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
بی اے تک بعد ازان ایل ٹی کی تعلیم کے لئے	۵ سال	[illegible]	[illegible]	[illegible] الف	ایل ٹی کی تعلیم کے بعد ہائی اسکول کی ٹیچری کی ملازمت بسہولت ملتی ہے -
ایف - ایس سی بعد ازان ایم بی کی تعلیم کے لئے -	۶ سال	[illegible]	[illegible]	[illegible] الف	ایم بی بی ایس - اسسٹنٹ سرجن کی ڈگری ہے -
ایف ایس سی بعد ازان سول اسسٹنٹ سرجن کی تعلیم کے لئے	۴ سال	[illegible]	[illegible]	[illegible] الف	ایف ایس سی کی دو سال کی تعلیم کے بعد انجنیری کی تعلیم کے [illegible]
ایف اے یا ایف ایس سی اور اسکے بعد سی ٹی کی تعلیم کے لئے -	۴ سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سی ٹی کی تعلیم کے بعد ہائی اسکول کی ٹیچری کی ملازمت بسہولت ملتی ہے -
سب اسسٹنٹ سرجن کی تعلیم کے لئے	۴ سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ان تینون امتحانات میں ہائی اسکول اگزامینیشن پاس کرلینے کے بعد شریک ہوسکتا ہے
اوورسیری کی تعلیم کے لئے	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۴ جولائی ۱۹۲۹ء

یہ عرضداشت دربارہ دیے جانے تنخواہ مسمی اسرار حسین ٹیچر
ہائی اسکول کو ایک سو روپیہ ماہانہ ۳ ستمبر ۱۹۲۶ء و دس روپیہ
سالانہ اضافہ تا تنخواہ ماعہ بوجہ بی ٹی پاس ہو جانے۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ اسرار حسین ٹیچر ہائی اسکول کی تنخواہ ۳ ستمبر ۱۹۲۶ء سے ایکسو روپیہ مقرر کیجاکے دس روپیہ سالانہ اضافہ ہوگا۔ یہانتک کہ ماعہ ماہانہ تنخواہ ہو جائے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں۔

ہائی آرڈر دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۰ جولائی ۱۹۲۹ء

رپورٹ منظور ہے۔ امتحان سول انجنیری کے وظیفہ کی میعاد پانچ سال اور امتحان اوورسیری کے وظیفہ کی میعاد دو سال رکھی جائے۔ نیز وظائف مشرحہ رپورٹ جو مخصوص تعلیمات کے لئے منظور ہو چکے ہیں اگر انمین سے کسی وظیفہ کے لئے مقررہ وقت تک کوئی درخواست نہ آئے تو صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر وہ بچا ہوا وظیفہ کسی مفید تعلیم کے لئے دے سکتے ہیں قواعد میں ترمیم کر دیجائے۔ کاغذات واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عرض فدوی ... فدوی ساجد

جناب عالی

طلبا ہائی اسکول کے لئے وظائف تعلیمی جو اجلاس ہمایون سے منظور فرمائے گئے ہیں انمین وظیفہ سول انجنیری کی میعاد سات سال۔ اور امتحان اوورسیری کے وظیفہ کی میعاد ۴ سال نقشہ منسلکہ عرضداشت میں تحریر کی گئی ہے۔ یہ وظائف کی میعاد نقشہ مذکور میں زبانی معلومات پر تحریر کی گئی ہے۔ بعد ازاں ایک کتاب ان کل امتحانات کے متعلق کی دستیاب ہوئی [illegible] نقشہ کی میعاد کم پائی گئی۔ امتحان سول انجنیری کے وظیفہ کی میعاد پانچ سال اور امتحان اوورسیری کے وظیفہ کی میعاد دو سال ہونا چاہئے۔ لہذا حکم منظوری کی

اس ترمیم کی ضرورت ہے۔ علاوہ اسکے یہ بھی کہ وظائف مخصوص تعلیم کے لئے مقرر کئے گئے ہیں لیکن ضرورت اسکی ہے کہ قواعد میں اختیار دیا جائے کہ اگر اُس میعاد کے اندر جو وظائف کی درخواستوں کی پیشی کے لئے مقرر کیجائیگی مقررہ شعبہ ہائے تعلیم کے کسی وظیفہ کے لئے درخواست نہ پیش ہو تو دوسری مفید تعلیم کے لئے وہ بچا ہوا وظیفہ دیدیا جائے۔ اسکے لئے قواعد میں ایک قاعدہ کا اضافہ ہوگا۔ جو منسلک عرضداشت ہے۔ عرضداشت بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایون ہے۔ دولت اقبال جاوید باد۔

فدوی دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مورخہ ۱ جولائی ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور گزٹ میں حکم ترمیم مع قواعد مرمہ اصل حکم و قواعد کے ساتھ یکجائی طبع کئے جائیں۔ ۱۱ جولائی ۱۹۲۹ء
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

قواعد تقرر وظائف منظور شدہ بموجب حکم ۴ جولائی ۱۹۲۹ء میں حسب ذیل قاعدہ اضافہ کیا جاتا ہے۔

(۹) جن شعبہ ہائے تعلیم کے لئے وظائف منظور کئے گئے ہیں۔ اگر انمین سے کسی شعبہ کے وظیفہ کے واسطے اندرون میعاد مقررہ درخواست پیش نہ ہو تو جوڈیشل سکریٹری بہادر کو اختیار ہوگا کہ کسی دوسری مفید تعلیم کے لئے وہ وظیفہ مقرر کر دیں۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۵ جولائی ۱۹۲۹ء

ختم سال حسابی کے وقت نیز دیگر ماہ ستمبر میں کثرت سے حسابات جانچ ہو واسطے آڈٹ میں آتے ہیں جنکی جانچ قلیل وقت میں دشوار ہو جاتی ہے چونکہ ختم سال حسابی میں تین ماہ باقی ہیں اس لئے دیگر جات سے روانگی حسابات میں تعجیل ہونا چاہئے۔ تاکہ ماہ ستمبر سے پہلے پہلے حسابات آڈٹ سے جانچ ہو جائیں۔ ۱۰ ستمبر میں بجز حسابات ماہ ستمبر کے کوئی حساب آڈٹ نہ بھیجا جائے۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اس حکم کی بغرض اطلاع جملہ سکریٹری صاحبان بہادر و رئیس صاحب ... کمانڈر بہادر و سردار صاحب بہادر ڈپوٹی کرنل محمد علیخان بہادر کے پاس بھیجی جاوے و جملہ مستوفی میں [illegible] جاری کر دیجائیں۔ مشتہر صدرت دفتر جاری ہو۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷۰۱ر ۷۰۱ر ۷۰۱ر		۸۰۱ر	۸۰۱ر			
نخود خالص	۶۱ر		۷۰۱ر	۶۱ر			
نخود آمیز	۷۱ر ۶۰۱ر		۸۱ر	۸۱ر			
[illegible]	۷۰۱ر ۸۱ر		۶۰۱ر	۷۱ر			
[illegible]	۵۱ر ۵۱ر		۵۱ر	۵۱ر			
مونگ	۴۱ر ۴۰۱ر		۴۰۱ر	۰			
مکا	۵۱ر ۵۱ر		۰	۸۱ر			
جئی	۱۱ر		۱۱ر	۱۱ر			
گوجئی	۹۰۱ر		۹۱ر	۰			
عدس	۷۱ر		۷۰۱ر	۰			
ارہر	۶۰۱ر ۸۱ر		۸۱ر	۸۱ر			
برنج	۷۱ر ۴۰۱ر		۴۰۱ر ۴۱ر	۴۰۱ر			
روغن زرد	۸۰ چھٹانک ۸۰ چھٹانک		۸۰ چھٹانک	۸۰ چھٹانک			
روغن سیاہ	۱۰۱ر		۱۰۱ر	۱۰۱ر			
روغن کنجد	۱ر ۱ر		۱۱ر	۱۱ر			
نمک سانبھر	۱۲ر		۱۲ر	۱۱ر			
نمک لاہوری	۶ر		۶ر	۰			
قند سیاہ	۵ر ۵۰۱ر		۶۰۱ر	۵۰۱ر			
باجرہ			۰	۰			

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری من ابتدائے مئی ۱۹۲۹ء

	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																		
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض								
	مسلمان	غیر مسلم	مسلمان	غیر مسلم		مسلمان	غیر مسلم	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	غیر مسلم	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۸
[illegible]	۲۰	۵	۱۰	۲	۴۴	۳۷	۷	۵۳	۳۲	۳	۲	۱۹	۳۱	۴۲	۵۵	۱۰۵	۲۲	۱	۲۶	۰	۲۰	۰	۰	۰	۱۲۷	
[illegible]	۲۵	۴	۱۴	۱	۴۶	۴۱	۵	۲۴	۵۲	۲	۴	۱۲	۱۸	۴۸	۶۴	۱۳۲	۱۶	۰	۹۳	۰	۵۹	۰	۰	۰	۱۵۲	
[illegible]	۱۳	۱۲	۱۲	۱۵	۵۲	۲۵	۲۷	۹	۲	۱	۱	۱۴	۱۳	۲۸	۱۶	۲۲	۲۱	۰	۰	۰	۴۳	۰	۰	۰	۴۳	
[illegible]	۹	۲	۸	۴	۲۳	۱۷	۶	۷	۵	۰	۱	۵	۶	۱۲	۱۴	۱۲	۱۲	۰	۰	۰	۲۳	۱	۰	۰	۲۳	
شاہ آباد	۲	۸	۲	۲	۱۴	۴	۱۴	۴	۴	۰	۱	۶	۶	۱۱	۱۲	۵	۱۸	۰	۰	۲۲	۰	۰	۱	۰	۲۳	
[illegible]	۵	۱۳	۵	۸	۳۱	۱۰	۲۱	۱۲	۱۶	۰	۰	۱۱	۱۰	۲۳	۲۲	۴	۴۵	۰	۲۷	۲۱	۰	۱	۰	۰	۴۹	
ملک	۹	۲۰	۱	۳۲	۱۰۱	۱۰	۹۱	۲۴	۱۴	۱	۰	۲۱	۲۱	۴۵	۳۸	۱۴	۷۱	۰	۸	۲۷	۰	۲	۰	۰	۸۳	
بلاسپور	۳	۲	۸	۱۰	۲۳	۱۱	۱۲	۶	۴	۴	۰	۱۲	۱۹	۲۴	۲۳	۲۴	۲۳	۰	۰	۴۵	۱	۱	۰	۰	۴۷	
[illegible]	۵	۳۷	۷	۲۲	۷۱	۱۲	۵۹	۱۴	۱۳	۱	۱	۲۱	۱۹	۳۶	۳۰	۹	۵۷	۰	۲	۲	۵۹	۱	۰	۰	۹۲	
سوار	۸	۳	۱	۲	۱۴	۹	۵	۸	۱	۱	۰	۲۰	۱۴	۲۹	۱۵	۲۱	۲۳	۰	۰	۰	۴۴	۰	۰	۰	۴۴	
ٹانڈہ	۲	۱۰	۶	۶	۲۸	۲۲	۱۶	۹	۸	۱	۰	۱۴	۱۴	۲۳	۳۲	۲۰	۱۹	۰	۰	۰	۴۵	۰	۰	۰	۴۵	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	—	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	—	۰	[illegible]	